© rasailojaraid.com

سے اللہ تعالیٰ کی توصیف [illegible] ہیں۔

۲۔ ساقط و ناقابلِ اعتبار احادیث جن کی سند بالکل کمزور ہے نیز ان کے الفاظِ متن بھی شناعت سے خالی نہیں ہیں اور علماء حدیث ان روایتوں کے بطلان پر متفق ہیں، ایسی روایتوں سے اشتغال اور ان پر اعتماد کرنا جائز نہیں۔

۳۔ ایسی روایتیں جن کے راویوں سے متعلق محدثین میں اختلاف ہے یعنی بعض محدثین کی نظر میں مقبول ہیں بعض کے یہاں مردود۔ ایسی حدیثوں میں اجتہاد اور غور و فکر واجب ہے تاکہ ان مختلف فیہ روایتوں کو مقبول احادیث کے ضمن میں شمار کر لیا جائے یا پھر باطل و مردود روایتوں کے ٹوکرے میں ڈال دیا جائے۔" (کلامِ خطیب ختم شد)

(باقی آئندہ)

اسرار احمد سہاوری

شعر و ادب

حمدِ باری تعالیٰ

ترے جلوؤں کی اصلا کیف سامانی نہیں جاتی
دلِ پرشوق کی بیتاب حیرانی نہیں جاتی!

نگاہوں میں سماتے بھی نہیں لیکن یہ عالم ہے
نگاہِ ناز کی دل پر نگہبانی نہیں جاتی!

تجلی حسن کی نیرنگیاں کیا کیا دکھاتی ہیں
ہجومِ شوق کی دل پر ستم رانی نہیں جاتی!

نگاہیں فرشِ رہ رکھتا ہے ہر دم شوق بیجا کے
دلِ ناداں کی ہرگز کفر سامانی نہیں جاتی

مچلتا ہے الجھنے کے لیے پیچاکِ الفت میں
ترے صدقے میں اس کی پاک دامانی نہیں جاتی

گریباں چاک کر لیتا ہوں شوقِ دید میں لیکن
"وہ پہچانی ہوئی صورت بھی پہچانی نہیں جاتی"

جلا کر خاک کر ڈالے حجاباتِ نظر اس نے
دلِ آتش بجاں کی شعلہ سامانی نہیں جاتی

نمودِ حسن ہی بے تاب رہتی ہے مچلنے کو،
کمالِ پردہ داری میں بھی عریانی نہیں جاتی

الجھ کر رہ گئیں اسرار نظریں ان کے جلووں میں
کسی ناصح کی ہم سے بات اب مانی نہیں جاتی!

© rasailojaraid.com